پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کینیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

۲۷ رمضان
۲۵ مئی

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱۶
شمارہ نمبر

عید : دورِ رسالت میں

عید کی حقیقی لذت سے وہی لوگ فیضیاب ہوئے ہیں جنہوں نے خدا کی حاکمیت کا جھنڈا بلند کرنے کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا

فوزیہ کاظم

اللہ اکبر ، اللہ اکبر ، لا الٰہ الا اللہ
و اللہ اکبر ، اللہ اکبر و للہ الحمد

آمین

تحسین :

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

اے چیز بندو!



فوٹو : وسیم

عید مبارک

عید اس کی نہیں جس نے کھایا پیا
اور مزے اڑائے ، عید تو اس کی
ہے جس نے اپنے عمل کو اللہ کے
لئے خالص کر لیا ۔

عید

کس لمحہ کو عید لکھوں میں
کس کو لکھوں چاند

کس لمحہ کو مہندی لکھوں
کس کو ریشمی آنچل

کس کو روپ کا دریا لکھوں
کس کو پیار کا بادل

کس لمحہ کو گجرا لکھوں
کس کو لکھوں کاجل

کس لمحہ کو سحر لکھوں میں
کس کو لکھوں شام

کیوں نہ سب ہی لمحوں کو
دے دوں تیرا نام

پشاور میں بم کا ہولناک دھماکہ ۷ افراد جاں بحق

۲۴ شدید زخمی ۱۰۰ کی حالت نازک زخمیوں میں ایک بچی اور تین افغان مہاجر بھی شامل ہیں زخمیوں میں سے کسی کا ہاتھ اور کسی کی ٹانگ ٹوٹ گئی

روسی ساختہ ۵ کلو وزنی بم جنرل اسٹینڈ پر کھڑی بس میں پھٹا

دھماکہ کے ساتھ ہی آگ کے شعلے بھڑک اٹھے، بس کے پرخچے اڑ گئے متعدد افراد بری طرح جھلس گئے

[illegible]

پاکستان چشمہ نیوکلیر پاور پلانٹ کے لئے فرانس کی پیشکش کا خیر مقدم کرتا ہے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

تنزانیہ کے سابق صدر جولیس نیریرے کے اہل خاندان کا قبول اسلام

اسلام قبول کرنے والوں میں تین بیٹے، دو بیٹیاں اور بہو شامل ہے

[illegible]

سرحد کابینہ میں دو نئے وزراء کی شمولیت

[illegible]

حالات خراب ہو رہے ہیں۔ فاروق عبداللہ

[illegible]

پشتون اور بلوچ متحد ہو جائیں۔ ولی خان

[illegible]

یورپی برادری نے پاکستانی کاٹن کی درآمد پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی لگا دی

فیصلے کا اطلاق ۲۵ اپریل سے ہو گیا، آئندہ ماہ کوٹے کی پابندی لگنے کا امکان

[illegible]

الجھی تھیں تو لگ جاتے آنکھوں کو
چراغ لے کے کہاں سامنے ہوا کے چلے
نکھار کھل کے حسرت سے رہ گیا دریا
حباب پھوٹ کر روئے جو تم نہا کے چلے

عید مبارک

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

IATA

عید مبارک

پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ

اپنی قومی ایرلائنز کے ذریعے سفر کیجئے

حج بیت اللہ شریف

حج بیت اللہ شریف کے لئے بروقت اور سستے ترین نرخوں پر ٹکٹ
حاصل کرنے کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں

ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت ہی بچت

دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔ آپ کو بے پناہ بچت ہوگی

WORLD WIDE
Cumberland Travels Ltd
50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

الاسلام

ألا إن أولياء الله لا خوف عليهم ولا هم يحزنون ○

سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف اور نہ غم ہوگا (القرآن)

آیات الٰہی کو جھٹلانے والے

اللہ ہر چیز کا خالق ہے اور وہی ہر چیز پر نگہبان ہے۔ زمین اور آسمانوں کے خزانوں کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں اور جو لوگ اللہ کی آیات سے کفر کرتے ہیں وہی گھاٹے میں رہنے والے ہیں۔ (الزمر : ۶۳)

نئے لباس پر شکر گزاری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے عمامہ کرتا یا چادر تو اس کا نام لے کر فرماتے اے اللہ! تیرا شکر ہے تو نے مجھے پہنایا میں تجھ سے اس کی خیر کا طلبگار ہوں اور جس چیز کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی خیر کا، اور اس کے شر سے اور جس چیز کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ (ابو داؤد)



فرمان نبوی

اقوال زریں

انسان کی زنجیر

نالے بلبل کے سنوں اور ہمہ تن گوش رہوں
ہمنوا میں بھی کوئی گل ہوں کہ خاموش رہوں

علامہ اقبال

حاکم کی نصائح

دعائے سلامتی و خیر

اکرم راجہ جو اپنے آپ کو آئیک (IKE) راجہ کہلواتے ہیں، ٹورانٹو میں کاروں کی ایک مشہور کمپنی میں سیلز مین ہیں۔ پچھلے دنوں جب میں نے انھیں فون کیا اور "السلام علیکم" کہا تو انھوں نے خالص امریکن لہجے میں گرمجوشی کے ساتھ "HOW ARE YOU" ! "O, HI" سے جواب دیا۔ میں نے سمجھا کہ شاید وہ مجھے پہچان نہیں پائے۔ چنانچہ پھر "السلام علیکم" کہتے ہوئے تعارف کرایا۔ مگر وہ پھر انگریزی ہی میں جواب دیتے ہوئے کہنے لگے کہ وہ پہچان گئے ہیں اور پوچھا کہ ان کے لائق کیا خدمت ہے۔ اس طرح وہ سلام کا جواب دیے بغیر گفتگو پر اتر آئے۔

مانا کہ ہم ایک غیر اسلامی معاشرے میں اقلیت کی شکل میں رہتے ہیں۔ مگر کیا آئیک راجہ کا "وعلیکم السلام" کہنا ان کے کینیڈین ساتھیوں پر ناگوار گزرتا؟ یا پھر راجہ صاحب اپنی مذہبی اور تہذیبی روایات سے نابلد ہونے کی بنا پر خود ہی احساس کمتری کا شکار رہتے ہیں؟ ایک ایسے ملک میں جہاں ملٹی کلچرل ازم سرکاری طور پر تسلیم شدہ حقیقت ہے، اگر وہ اپنی اسلامی تہذیب کا اظہار کرکے غیر مسلم اقلیت کے کسی پہلو پر روشنی ڈالتے تو حرج میں کیا پڑ جاتا؟

اگر چہ دیار غیر میں ہر اقلیت کو کچھ نہ کچھ مسائل درپیش ہیں مگر مسلمان اقلیت کا معاملہ یہاں بسنے والی دوسری اقلیتوں سے مختلف ہے۔ اسلام ایک مذہب ہی نہیں بلکہ ایک طرز زندگی بھی ہے:

"اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ" (سورۃ البقرۃ)

لہٰذا جب دوسرے اسلامی شعائر زندگی کے ساتھ ساتھ ایک مسلمان کو امن و سلامتی اور بہتری کی دعا "السلام علیکم" کی شکل میں دی جاتی ہے تو سلام کا جواب دینا اس پر واجب ہو جاتا ہے۔ انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اسلامی روایات کا اظہار، خصوصاً غیر اسلامی معاشرے میں ہماری بقا کے لیے نہایت ہی ضروری ہے۔ اسلام کی یہی عظمت اور مزاج ہمارے تمام مسائل کی روح ہے۔ اسی بنا پر جہاں دوسری اقلیتیں کسی بھی نظام میں ضم ہو سکتی ہیں وہاں مسلمان اگر اپنے مسلک پر قائم رہیں تو اپنے آپ کو بچا سکتے ہیں۔

آئیک راجہ جیسے کچھ لوگ آپ کو اپنے آس پاس نظر آئیں گے جو شاید نام کے مسلمان بھی نہیں رہتے لیکن اپنے آپ کو مسلمان کہنے والوں میں ایک بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے جو غیر اسلامی تہذیب و روایات میں ملوث ہو چکے ہیں۔ مثلاً ہندوستان کے ہندو اکثریت والے علاقے سے تعلق رکھنے والے ایک بڑے پڑھے لکھے اور شائستہ مسلمان ہیں جو سلام کے جواب میں ہمیشہ "آداب عرض" کہتے ہیں۔ خود پہل کریں گے تو وہ بھی "آداب عرض" کے ساتھ۔ بظاہر اس میں کوئی قباحت نہیں معلوم ہوتی۔ مگر مسلمانوں کا آپس میں یہ سلام اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔ "آداب عرض" کے رواج کا پس منظر کچھ اس طرح ہے کہ ایک مسلمان کا کسی غیر مسلم کو "السلام علیکم" جیسی اعلیٰ دعا پیش کرنا مستحب نہیں سمجھا جاتا۔ چنانچہ ہندوستان کے مسلمانوں نے غیر مسلموں کے لیے "آداب عرض" کا طریقہ ایجاد کیا۔ مگر اب کچھ مسلمان "السلام علیکم" کی بجائے "آداب عرض" کے استعمال کو ہی اچھا، شائستگی اور نفاست کی نشانی سمجھتے ہیں۔

کچھ احباب ہم میں ایسے بھی ہیں جو "السلام علیکم" کا جواب "السلام علیکم" ہی سے دیتے ہیں جو کہ شرعی اعتبار سے درست نہیں ہے۔ سلام کا جواب بہتر ہونا چاہیے۔ حکم باری تعالیٰ ہے:

"جب کوئی احترام کے ساتھ تمہیں سلام کرے تو اس کو اس سے بہتر طریقے کے ساتھ جواب دو یا کم از کم اسی طرح۔" (سورۃ النساء ۸۶)

اس آیت کریمہ کی تشریح پاکستان میں ہمارے ایک بزرگ عملی طور پر اس طرح کرتے تھے کہ سلام کے جواب میں "وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ وصلواتہ علی رسولہ الکریم وآلہ وصحابہ اجمعین ....." یوں لگتا جیسے قرآن کریم کی کوئی آیتیں پڑھ رہے ہوں۔ پھر آخر میں وہ پوچھتے کیسے ہیں؟ وہ بلا امتیاز ہر چھوٹے بڑے کو اسی طرح سلام کا جواب دیتے۔ کچھ لوگ محض ان کا دعائیہ جواب سننے کے لیے راہ میں کھڑے انتظار کرتے۔ ان کا اصلی نام کوئی نہیں جانتا، بس کسی کو معلوم نہیں تھا وہ "قبلہ صاحب" کے نام سے عزت و احترام کے ساتھ پکارے جاتے تھے۔

مگر اللہ کی اس بستی میں جہاں ہم رہتے ہیں، کچھ صاحب ثاقب کے ایسے بھی ہیں جو سلام کا جواب دینا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں یا دوسرے فریق پر نفسیاتی دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں۔ اس طرح سلام کا جواب نہ دے کر وہ نہ صرف اللہ تعالیٰ کے حکم کی نافرمانی کرتے ہیں بلکہ دوسرے مسلمان کو INTIMIDATE کرکے اپنے گناہوں میں اضافہ کرتے ہیں۔

ایک صحابی نے آنحضرت ﷺ سے ایک ایسے ہی بدنصیب شخص کے بارے میں پوچھا

جو سلام کا جواب نہیں دیتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"اگر تم کسی کو سلام کرو اور وہ جواب نہیں دیتا تو فرشتے اس کو جواب دیتے ہیں ..." [illegible]

"اللہ سے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو پہلے سلام کرے۔" (ابو داؤد، ترمذی)

"جب کوئی مسلمان ملے تو اسے سلام کرو ..." (احمد، ترمذی، ابو داؤد)

"جب کوئی اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کرے تو پہلے اسے سلام کرے اور اگر ان کے درمیان کوئی درخت یا دیوار یا پتھر حائل ہو جائے اور پھر سامنا ہو تو دوبارہ سلام کرے۔" (ابو داؤد)

"تم گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو اور جب تم گھر سے باہر جاؤ تو گھر والوں کو سلام کرکے رخصت ہو۔" (بیہقی)

"تم میں سے جب کوئی کسی مجلس میں پہنچے تو سلام کرے اور اگر بیٹھنے کی ضرورت ہو تو بیٹھ جائے۔ پھر جب اٹھے تو دوبارہ سلام کرے۔" (ترمذی)

"سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے پاک ہے۔" (بیہقی)

"چھوٹے بڑوں کو سلام کریں اور گزرنے والے بیٹھے ہوؤں کو۔" (بخاری)

اگر آپ کسی مسلمان کو پسند نہیں کرتے تو بھی اسے سلام کرنا آپ پر واجب نہیں، مستحب ہے۔ مگر جب وہ آپ کو سلام کرے تو اس کا جواب آپ پر واجب ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی یاد رکھیے کہ صرف شیطان ہی "السلام علیکم" اور اس کا جواب "وعلیکم السلام" سننا پسند نہیں کرتا۔

السلام علیکم کے سادہ اور دلپذیر دعائیہ کلمے سے اسلام کی اخوت، محبت اور بھائی چارے کی عظمت کا اظہار ہوتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتے تو "السلام علیکم" کہتے اور جواب میں "وعلیکم السلام" سنا جاتا۔ اس طرح اسلام کا یہ سلسلہ ہر جگہ پھیلتا چلا گیا۔

(ابن عبد سعید کے مرتب کردہ)

کرام کو "السلام علیکم" کے ساتھ عیدمبارک پیش کرتے ہوئے اس کی تعلیم دی۔ اس حدیث کا تقاضا ہے کہ اللہ کی تعریف خود خدا نے فرمائی ہے۔

لطیف ادیبی

خواتین کا صفحہ

تازہ بہ تازہ

شمیم احمد کا نیا تنقیدی مجموعہ

ممتاز نقاد شمیم احمد کا نیا اور تیسرا تنقیدی مجموعہ "افادیہ نگری" شائع ہو گیا ہے جس میں ۱۹۷۱ء سے ۱۹۸۱ء تک کی تحریروں کا انتخاب ہے۔ اس مجموعے میں نظری اور عملی تنقید کے فکر انگیز نمونے ملتے ہیں۔ شمیم احمد نے ادب سے متعلق بہت سے سوالات اٹھائے ہیں اور ان کے حوالے سے بعض اہم ادبی مسائل پر گفتگو کی ہے۔ اقبال کے علاوہ متعدد ادبی شخصیات کے فن پر اظہار خیال کیا ہے۔ مذکورہ مدت کے دوران چھپنے والی بعض اہم کتابوں کے تجزیاتی مطالعے بھی اس مجموعے میں شامل ہیں۔ یہ کتاب [illegible] پبلشرز، جناح روڈ، کوئٹہ نے شائع کی ہے۔

اوراق کا نیا پرچہ

ماہنامہ اوراق لاہور کا اپریل مئی ۱۹۸۷ء کا پرچہ خاص نمبر کی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ اس پرچے کا کلیدی مقالہ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کا ساختیات کے بارے میں ہے۔ [illegible] ۔۔۔ ڈاکٹر وزیر آغا ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ اقبال ۔۔۔ غلام الثقلین نقوی ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ سوال ہے۔

عید مبارک

MALVERN PRINTING PRESS
(416) 291-1137

- BOOKS
- FLYERS
- CALENDARS
- BUSINESS CARDS
- BROCHURES
- INVOICES
- LETTERHEADS

FREE ESTIMATES
FAST SERVICE

311 Burrows Hall Blvd.
Scarborough, Ont. M1B 1H8

ہر قسم کی معیاری پرنٹنگ کے لیے

مالورن پرنٹنگ پریس کینیڈا
[illegible]

چٹکلہ

سامان مرچ ڈھائی پاؤ، لال مرچ [illegible] ۔۔۔ [illegible]

ایک آدمی کو مشکل اور دقیق الفاظ استعمال کرنے کی عادت تھی۔ ایک دفعہ وہ سفر میں تھا کہ اس کی طبیعت خراب ہو گئی۔ اپنے ساتھ سفر کرنے والے کو اس نے کہا۔ میں اگلے اسٹاپ پر اتر کر ہسپتال جاؤں گا۔ آپ میری بیگم کو پیغام پہنچا دیں [illegible] ۔۔۔ آپ فوت ہو چکے ہیں۔

دیکھ کے دل کے جاں سے اٹھتا ہے
یہ دھواں سا کہاں سے اٹھتا ہے



عید کے پکوان
میٹھے اور سلونے کھانے

[illegible] ۔۔۔ عیدالفطر اور سویاں ۔۔۔ [illegible]

عیدالفطر اور سویاں

عیدالفطر کا تعلق بھی [illegible] سویوں کی طرف جاتا ہے۔ [illegible]

شیر خرمہ

اشیاء: دودھ ۲ سیر، سویاں ایک چھٹانک، چھوارے ایک پاؤ، کھوپرا، پستہ، بادام، چینی، الائچی، کیوڑا، گھی [illegible]

ترکیب: [illegible]

شیر برنج

اشیاء: چاول، دودھ، مغز، زعفران [illegible]

ترکیب: [illegible]

شاہی سویاں

اشیاء: [illegible]

ترکیب: [illegible]

دہی بڑے

اشیاء: دال، نمک، لال مرچ، زیرہ، ہری مرچ، ادرک، دہی، تیل [illegible]

ترکیب: [illegible]

(درخشندہ رمضان ۔ کراچی)

آپ کے مسائل

میں کسی کی جارحیت برداشت نہیں کر سکتا

میرا ذہن کسی کی جارحیت برداشت نہیں کر سکتا۔ کوئی ایسا شخص جو مجھے اپنے سے کمزور معلوم ہو، اگر زیادتی کرے تو میں اسے فوراً سزا دینا چاہتا ہوں لیکن اپنے سے طاقتور ایسی حرکت کرے تو میں [illegible] ۔۔۔ [illegible]

وہ معذور ہو کر بھی خود کفیل ہیں لیکن اب مسئلہ یہ ہے کہ

[illegible]

لوازمات

[illegible]

کچھ نہ سمجھے ۔۔۔ !

[illegible]

ادب و ثقافت

وہ بے مثال شاعرہ بھی ہیں اور پرکشش متنازع شخصیت بھی

کشور ناہید جہاں ایک طرف بے مثال شاعرہ ہیں، وہیں دوسری طرف ایک پرکشش متنازعہ شخصیت بھی ہیں۔ ان کے گرد عقیدتوں کا ایک ایسا ہالہ نظر آتا ہے جس کی بنا پر انھیں ایک دیو مالائی کردار کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔ ان سے ان کے معاصرین کا رویہ عجیب و غریب ہے۔ کوئی انھیں جھانسی کی رانی کہتا ہے اور کوئی پھولن دیوی۔ کشور ناہید نے عورتوں کے حقوق کے لیے جو جدوجہد کی ہے، اس کے پیش نظر ایک مشہور شاعر انھیں بیگم کو ان سے پردہ کرواتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے ایک دوسرے شاعر خود ان سے پردہ کرتے ہیں۔ لیکن کشور ناہید ان سب باتوں کی کوئی پروا نہیں کرتیں اور اپنے کام سے کام رکھتی ہیں۔ اور کام یہ ہے۔ شعر کہنا، نثر لکھنا اور ان دونوں کی پیوندکاری سے نثری نظمیں تیار کرنا۔ گویا وہ کلام منظوم اور کلام ناموزوں دونوں میں طاق ہیں۔

کشور ناہید کی شاعری کی طرح ان کی باتیں بھی جیسی بے حد پسند ہیں۔ بلکہ سچی بات یہ ہے کہ شاعری تو کبھی کبھی ہمارے سر کے اوپر سے گزر جاتی ہے، لیکن باتیں سر تک پہنچنے سے پہلے ہی دل پہ اثر کر جاتی ہیں۔ خوش قسمتی سے پچھلے ایک ڈیڑھ مہینے میں کشور ناہید کے تین انٹرویو پڑھنے کو ملے ہیں۔ ایک ماہنامہ "کتاب نما" دہلی میں، دوسرا "اشارہ" کراچی میں اور تیسرا روزنامہ "جنگ" لاہور میں۔ یہ تینوں انٹرویو دلچسپ بھی ہیں اور فکر انگیز بھی۔ دلچسپ اس لیے کہ کشور ناہید کا انداز گفتگو بے باکانہ ہی نہیں والہانہ بھی ہوتا ہے۔ بلکہ کبھی کبھی جارحانہ بھی ہو جاتا ہے۔ فکر انگیز اس لیے کہ جب وہ ادب اور زندگی کے مسائل پر اظہار خیال کرتی ہیں تو خود ادب اور زندگی لاینحل مسئلے بن جاتے ہیں۔

یوں تو یہ تینوں انٹرویو اس لائق ہیں کہ ان سے لفظاً لفظاً استفادہ کیا جائے، لیکن کالم میں اتنی گنجائش نہیں ہے۔ مزید یہ کہ ہم میں اتنا حوصلہ۔ بہرحال خاص خاص باتوں کا ذکر ہم کیے دیتے ہیں۔ جو ہم سے زیادہ حوصلہ رکھتے ہوں، وہ اصل انٹرویو دیکھ لیں۔

محترمہ سے جب ماسٹرز گلڈ، اکادمی ادبیات کی کارکردگی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے ان دونوں اداروں سے اپنی بے تعلقی کا اظہار نہایت بے رخی سے کیا۔ اس پر انہیں بتایا گیا کہ دونوں ادارے ادیبوں کو انعامات سے نوازتے ہیں۔ اس لیے ان کے قیام سے ادیبوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ محترمہ نے فرمایا، ویسے تو بہت سے لوگوں کو زکوٰۃ فنڈ سے بھی فائدہ پہنچا ہے۔ بہت سے لوگوں کو ہیروئن کی اسمگلنگ سے بھی فائدہ پہنچا ہے۔ اگر آپ کا ناقد کسی قیمت پر بھی فائدہ ہے تو مجھے اس پر اعتراض نہیں ہے۔

محترمہ کو اس پر بھی اعتراض ہے کہ اکادمی ادبیات کو بھی شاعری کو بھی مبتذل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ سینئر شاعروں کے مقابلے پر جونیئر شاعروں کو انعام کا مستحق قرار دیتی ہے۔ جس کی وجہ سے ادب کے معیار کا خیال شاعروں سے یہ توقع رکھتا کہ وہ مشاعروں میں ایک سکنے والے ادب کے ذہن میں جو سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا محترمہ نے جو کچھ فرمایا ہے، ہمیں اس سے اتفاق نہیں ہے بلکہ جیسا کلام سنانے کی بجائے سربار نئی بات کریں اور نیا واقعی ادب کو انعام ملتا ہے۔ اس کے جواب میں اکادمی پیغام دیں۔ ہمیں پرچھائیں لادنے کے مترادف ہے۔ شعرا و ادبیات کے ہمدردوں کا یہ جان ہم تک پہنچا ہے کہ تمام کشور ناہید کی طرح خواتین کے حقوق کی جدوجہد میں ادب کے معیار کا خیال تو وہ ذرا بھی نہیں رکھتے۔ جواب حصہ تو انھیں لیتے جو ان کے خیال میں خوب سے مضامین تخلیق کرتے ہیں۔ صرف انعامات سے محروم رہ جاتے ہیں اور ان کے پاس نئی باتوں اور نئے پیغاموں کا ختم نہ ہونے والا ذخیرہ ہے۔ ادب کے معیار کی بات کرتے ہیں۔ ہماری رائے میں ان بے چاروں کے پاس تو جو حال اکادمی کے ہمدردوں کا جواب ادب کے معیار سے آ گیا۔ اور لب و رخسار کے دو چار مضامین ہیں، انھیں کو الٹ پلٹ کر باندھتے رہتے ہیں۔ اس سے زیادہ کی ان سے توقع نہیں رکھنی چاہیے۔ عام اخلاق کے معیار سے بھی گرا ہوا ہے۔ کشور ناہید نے اعتراض اس لیے نہیں کیا کہ پروین شاکر کی بجائے خود

محترمہ کشور ناہید کی یہ بات بھی ہماری سمجھ میں نہیں آئی کہ شعرا پیسوں یا عہدہ کمانے وغیرہ کا خیال چھوڑ دیں اور شاعری کے معیار کو بلند کریں۔ ان کو، امجد اسلام امجد کی بجائے منیر نیازی کو اور محسن احسان کی بجائے قتیل شفائی کو انعام ملنا چاہیے تھا، بلکہ ان کا مقصد یہ ہے کہ انعام دیتے وقت کسی شاعر کی مجموعی کارکردگی کے ساتھ ساتھ اس کی عمر کا خیال بھی رکھنا چاہیے۔ ہماری رائے میں صرف عمر کا خیال رکھنا ہی کافی ہے۔ مجموعی اپنی اہلیت تو کیا نااہلیت کا بھی مظاہرہ نہیں کر سکتا اور شاعروں سے یہ توقع رکھی جائے کہ وہ پیٹ پر پتھر باندھ لیں، اور وہ بھی اس حالت میں جبکہ ان بے چاروں کے ذہنوں پر پہلے ہی پتھر پڑ چکے ہوں۔

کشور ناہید کو یہ شکایت بھی ہے کہ بہت سے ایسے لوگ جو کچھ بھی نہیں ہوتے، اپنی شناخت کے لیے اپنے اوپر ادیب کا لیبل چپکا کر کے اس مراعات یافتہ اور پرکشش طبقے میں شامل ہو جاتے ہیں اور کچھ مقامات اور ترجیحات حاصل کر لیتے ہیں۔

کارکردگی کی شرط غیر ضروری ہے کیونکہ ہمارے علم میں کوئی سینئر یا جونیئر شاعر ایسا نہیں ہے جو اپنی مجموعی یا جزوی کارکردگی کی وجہ سے انعام کا مستحق قرار پائے۔ سوال اگر کارکردگی سے مراد مشاعروں میں شرکت ہے تو پھر یہ انعام ہر سال عطاء الحق قاسمی کو ملنا چاہیے کہ موصوف پانچ غزلیں لکھ کر پانچ سو مشاعروں میں شرکت کر چکے۔

کشور ناہید نے بہت سی باتیں اپنی ذات کے حوالے سے بھی کی ہیں۔ ان میں سے بعض بلا تبصرہ ذیل میں درج کی جا رہی ہیں۔ بلا تبصرہ اس لیے کہ کشور ناہید کی ہر بات پر تبصرہ کرنا ہمارے بس میں نہیں۔

مشاعروں کا ذکر آ گیا ہے تو یہ بھی سن لیجیے کہ کشور ناہید اس معاملے میں بھی خوش نہیں ہیں۔ فرماتی ہیں: "مشاعرے کے ادارے کو مبتذل کرنے میں ہم شاعروں کا اپنا ہاتھ ہے۔ ۔ ۔ مشاعروں میں ہمارے بہت سے شعرا گزشتہ تیس برس سے اپنا پرانا کلام سنا رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مشاعرے کا لطف کم ہو چکا ہے۔ ابلاغ کی ضرورت ہے کہ آپ ہر بار نئی بات کریں۔ ایک نیا پیغام دیں۔ ۔ ۔ شاعروں نے بھی خود کو تولنا شروع کر دیا ہے اور یہ رویہ اختیار کیا ہے کہ انھیں کس مشاعرے سے زیادہ پیسے ملتے ہیں اور وہاں کھانا کیسا ملے گا۔"

"ایک فقرہ دیکھیے اس عمر میں بھی جس کے سننے سے کوفت ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ ہائے آپ کتنی اسمارٹ، کتنی ینگ لگ رہی ہیں۔ آپ اپنی عمر سے دس سال چھوٹی لگ رہی ہیں۔ میں جب یہ سنتی ہوں تو کہتی ہوں کہ مجھے اپنی عمر سے دس سال چھوٹا لگنے کا کوئی شوق نہیں ہے اور نہ بڑا لگنے کا مرض ہے۔ میری اپنی جو عمر ہے، وہ میں ہوں۔ تو جس فلرٹیشن کے شوق میں ہماری نسل کا ہر مرد مبتلا ہے، اس کی اپنی گرفتگی صرف لفاظی تک محدود ہے، تو وہ بھلا کیسے برداشت کر سکتا ہے۔ اس کے تجربے میں وہ باتیں نہیں ہیں جن کو بیان کرنے کی تھوڑی سی ہمت کرتی ہوں۔"

قطع نظر اس سے کہ شاعروں نے مشاعرے...

"۔ ۔ ۔ پہلے میں سمجھا کرتی تھی کہ عورت جب چالیس سال کی ہو جاتی ہے تو اس کے ساتھ دو تین باتیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ اسکینڈل ختم ہو جاتے ہوں گے۔ دوسرے اس کی SENSATION ختم ہو جاتی ہوگی۔ تیسرے یہ کہ لوگ قبول کر لیتے ہوں گے کہ ہاں بھئی یہ ایک فرد ہے، چلو بھئی اس کو مان لو۔ لیکن اب اندازہ ہوا پینتالیس برس کی ہو کے کہ جب تک سانس ہے، اس وقت تک ان ساری چیزوں کے ساتھ زندہ رہنا ہے۔"

☆ ..... ایک ادیب ... نے ... سے کہا
[illegible]

کشور ناہید

*

آرزوئے جاں

بیٹھے سمندر کو ... گئے
کچھ کیا ہوا ہے
زندگی کے سارے راستے ایک ہی سمت جاتے ہیں
ان تمام راستوں پر طلب کا بورڈ آویزاں ہے
مجھے کچھ بھی نہیں چاہیے
مگر میرے چلنے کے لیے کوئی اور راستہ نہیں ہے
خلا سے بات کی جا سکتی ہے
تصویر بھیجی جا سکتی ہے
پیغام روانہ کیا جا سکتا ہے
مگر خدا نہیں بھیجا جا سکتا
...
شاید میرے چلنے کے لیے کوئی اور راستہ نہیں ہے

ایک قدم تار پول پہ

[illegible]

سانول موڑ مہاراں

[illegible]

شہر موت کے دروازے پر

[illegible]

*

کشور ناہید

MAJOR APPLIANCE SERVICE
• WASHERS, • DRYERS,
• FRIDGES & • STOVES
BUDGET
APPLIANCE SERVICING
For reliable and competitive service, Call:
AHMED AT 532-6971

سلسلۂ ہدایت



مارکھم کے ضیاء اللہ بنگش (جبوری) نے سات سال کی عمر میں اپنے دادا جناب قاضی ۔ این ۔ بنگش کی نگرانی میں قرآن پاک کا پہلا دور ختم کر لیا ہے ۔ بنگش فیملی کو ادارۂ "الہلال" کی جانب سے مبارکباد ۔

بازار

بہ سلسلۂ عید ۷ جون کو دن کے ۱۱ بجے سے چھ بجے تک بین الاقوامی کھانوں اور مختلف اشیاء کا بازار لگے گا ۔ پتہ یہ ہے :

2140 AVENUE RD.
AT WILSON
(SOUTH OF HWY 401)

عید پکنک

پاکستان اونٹاریو یوتھ کلچرل فورم کی جانب سے ۳۰ مئی کو فیملی پکنک کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ پتہ یہ ہے :
تھومپسن میموریل پارک
ایریا D-E
واقع لارنس اور بریملی

سائیں

نیاز سواتی

تو مجھے ایسا کوئی گنڈا کھلا دے سائیں ! ۔۔۔ جو بڑھاپے میں جواں مجھکو بنا دے سائیں !
مجھکو کسٹم میں سپاہی ہی لگا دے سائیں ! ۔۔۔ میری سوئی ہوئی قسمت کو جگا دے سائیں !
تجھ سے جو کھانا ہے مجھکو کھلا دے سائیں ! ۔۔۔ اپنے جیسا مجھے مشٹنڈا بنا دے سائیں
کار والا اسے ہفتے میں بنا دے سائیں ! ۔۔۔ نوکری بیٹے کو کسٹم میں دلا دے سائیں
قرض حسنہ کے اسے مال دبا بیٹھے ہیں ۔۔۔ جو مجھے قرض دیا تھا وہ بھلا دے سائیں
ایسے تعویز کی حاجت ہے مجھے شدت سے ۔۔۔ جو مری ساس کو بیگم سے لڑا دے سائیں
دوسری پارٹی جلسہ ہی نہ کرنے پائے ۔۔۔ اُنکے جلسے میں کوئی پھڈا کرا دے سائیں
والدہ میری بضد ہے کہ کرُوں میں شادی ۔۔۔ مجھکو شادی کی مصیبت سے چھڑا دے سائیں
قرض لے کر جو نظر آیا نہیں پھر مجھ کو ۔۔۔ مجھ سے بچھڑا ہوا وہ یار ملا دے سائیں
باپ کہتے ہوئے بچے بھی ترستے سائیں ۔۔۔ اپنے چیلے کو ذرا ایسا بھی بنا دے سائیں
دور کرنا ہے اگر بیٹے کو خود سے تو نے ۔۔۔ اُسکو شادی کے شکنجے میں پھنسا دے سائیں
اپنے ماتحتوں کی بچنا ہے اگر سازش سے ۔۔۔ اپنے ماتحتوں کو آپس میں لڑا دے سائیں
پھر کہے گی نہ تری اہلیہ بیمار ہوں میں ۔۔۔ وجہ بیماری اگر عمر بتا دے سائیں !
ماہ چھپن کا سب لوگ کہیں فوٹو سٹیٹ ۔۔۔ اپنی داڑھی کو ذرا اتنا بھی بڑھا دے سائیں

کالا بکرا میں تری نذر کروں گا لاکر
مجھ کو ڈسکو کی وبا سے جو چھڑا دے سائیں

عید منائیں کیسے !

عقیل دانش

حالتِ عالمِ اسلام ہے ابتر دانش
زخم دنیا نے دیئے ہیں جو ، دکھائیں کیسے
عیدِ رمضان کا تحفہ ہے مگر اہلِ نظر !
تم ہی بتلاؤ کہ ہم عید منائیں کیسے !

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف دس ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں سے دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لئے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں ۔ پتہ ہے ۔

Advertisement No......
C/O Al-Hilal
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
CANADA M2H 2P6

* * *

اشتہار نمبر (۸۶) : ٹورانٹو میں سکونت پذیر کراچی کے خاندان کے ۲۷ سالہ لڑکے کے لیے کینیڈا کی شہریت رکھنے والی اندرون ۲۵ سال عمر کی نیک سیرت لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے ۔

*

اشتہار نمبر (۸۷) : لاہور میں مقیم معروف گھرانے کی کم عمر طلاق یافتہ لڑکی کے لیے اندرون ۳۰ سال عمر کے اعلیٰ تعلیم یافتہ لڑکے کا رشتہ درکار ہے ۔ لڑکا خواہ پاکستان میں ہو یا شمالی امریکہ میں ۔ تفصیلات کے لیے خط لکھیئے ۔

لڑکوں کا گرمائی کیمپ

جولائی اور اگست میں دس سے اٹھارہ سال تک کی عمر کے لڑکوں کے لیے الگونکوئن پارک میں اسلامی تعلیم و تربیت کا کیمپ قائم ہوگا ۔ فیس صرف ... ڈالر ہے ۔ داخلہ محدود ہے ۔ دلچسپی رکھنے والے مزید معلومات کے لیے فون کریں :
747-7500
638-6069

تعزیت

ٹورانٹو کی پاکستانی کمیونٹی خواجہ سردار بٹ کی وفات سے ایک محب وطن پاکستانی سے محروم ہو گئی ہے ۔
اناللہ وانا الیہ راجعون ۔
باری تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے ۔ آمین ۔
(ادارۂ الہلال و کمیونٹی)

پاکستان نے اسیکس کو ۱۱۰ رنز سے ہرا دیا
وسیم اکرم کی آل راؤنڈ عمدہ کارکردگی

لندن (نیوز ڈیسک) پاکستان نے چیمسفورڈ میں اسیکس کے خلاف ۳ روزہ میچ ۱۱۰ رنز سے جیت لیا ۔ پاکستان نے پہلی اننگز میں ۸ کھلاڑیوں کے نقصان پر ۳۳۲ رنز بنائے تھے جبکہ جواب میں اسیکس نے ... رنز بنائے ۔ پاکستان نے دوسری اننگز میں ... رنز ... کھلاڑی آؤٹ ... ڈیکلیئر کر دی اور اسیکس کو ... رنز کا ہدف دیا ۔ [illegible] تاہم اسیکس دوسری اننگز میں ... رنز بنا کر ڈھیر ہو گئی ۔ اس میچ کی سب سے کامیاب کھلاڑی وسیم اکرم رہے جنہوں نے پہلی اننگز میں ... رنز دے کر ... وکٹیں حاصل کیں اور دوسری اننگز میں ... وکٹیں حاصل کیں علاوہ ازیں پہلی اور دوسری اننگز میں بالترتیب ۳۰ اور ... رنز بنائے اور ناٹ آؤٹ رہے ۔ [illegible] اسیکس کی ٹیم ... رنز پر ... کھلاڑی آؤٹ ... [illegible] ... آ گئے ۔

پاکستانی وکٹ کیپر سلیم یوسف کی ترقی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کے نوجوان وکٹ کیپر سلیم یوسف کو محکمہ پاکستان کسٹمز نے ترقی دے کر ... [illegible] ... بھارت کی حالیہ ٹیسٹ سیریز ... اور شارجہ کپ کے میچوں میں کی شاندار کارکردگی پر دی گئی ہے معلوم ہوا ہے کہ سلیم یوسف ... عمرہ ادا کرنے کیلئے سعودی عرب گئے ہیں وہ ۲۰ اپریل کو وطن واپس آئیں گے ۔

Heritage Islam
MISSISSAUGA SCHOOL

Classes are now being held in:

- Qur'anic Education with Qirrah
- Islamic Education Adults & Children
- Arabic & Urdu Languages
- Lectures & Seminars for youth
- Sports activities for entire family

For more information call:
GUL NAWAZ ______ 624-2383
SHAUKAT CHOHAN. . . . 273-6396

School Hours:
10:15am - 1:30pm Every Sunday

اک سمت اک چراغ ہے اک سمت آندھیاں
تم کس طرف کھڑے ہو یہ خود فیصلہ کرو
ٹھہرے ہوئے چراغ کو تحریک چاہیے
پتھر گرا کے پانی میں لہریں گنا کرو

عید مبارک

RE/MAX
Above the Crowd!
brampton inc. realtor
350 Rutherford Rd. S.

SERVICE WITH A SMILE

Do you know why people are moving into Brampton?

- It is one of the fastest-growing cities in Ontario.
- Prices are $10,000 to $15,000 lower than Metro Toronto.

Consider this **Semi Detached with a Class;** Beautiful 2-Storey, 3 Bedroom, upgraded carpet, stonewall and fireplace in the master bedroom, eat-in-kitchen with carpet, walkout to deck and large fenced lot, landscaped, trees, shrubs.

Only $152,900

Call: IQBAL RANA 456-2200

Member of Toronto and Brampton Real Estate Boards

EID FESTIVAL & INTERNATIONAL FOOD FAIR

Date: Sunday June 7, 1987
Time: 11:00 am — 6:00 pm
Place: Armour Heights Community Center
2140 Avenue Road at Wilson
(Just south of Hwy. 401)

- Films on Islam
- Games and activities for children
- Food from all parts of the Muslim World
- BAZAR — Household Items
  Toys
  Sporting Goods
  New Items

NO ADMISSION FEE

All Proceeds will go to fund the Islamic Summer Camp



Information Please Call: (416) 638-6069
747-7500
493-4374
742-8144



بیرونی ممالک میں سکھوں کے درمیان انتشار پیدا کرنے کیلئے بھارتی منصوبہ کا انکشاف

منصوبہ کا مقصد خالصتان کے مخالفین کو گوردواروں پر قابض کرانا ہے

ساؤتھ ہال گوردوارے کے واقعہ کی تحقیقات شروع ہو گئی

ایک زخمی موت و زیست کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ پولیس کے خلاف مظاہرہ کا پروگرام

پاکستانی کلاشنکوف درآمدی رائفلوں سے بہتر ہے

غلام مصطفےٰ جتوئی دعوت افطار سے خطاب کر رہے ہیں۔ دائیں پر لطیف صدیقی بیٹھے ہیں (تصویر جسارت)

حکومت نے ۳۱ سو کروڑ روپے کے اضافی نوٹ چھاپ کر افراط زر پیدا کیا ہے: جتوئی

حکومت کا سارا زور مخالفین کو خرید کر حکومت کی عمر بڑھانا ہے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں کے اجتماع سے خطاب کیا

کارٹون شائع کرنے پر بھارتی ہفت روزہ کے مدیر کو جیل بھیج دیا گیا

راجیو کے برسراقتدار آنے کے بعد بدعنوانی میں اضافہ ہوا ہے بھارتی رائے عامہ

راجیو نے سنگھ کو بشار یا تو گیانی ذیل سنگھ یا چودھری کو برطرف کرکے ووٹروں کو خوش کرنے کی کوشش کی ہے

عیاشیات لیتے ہر پابندی گی وکانگریس نے دفاعی سودوں پر کمیشن حاصل کرنا شروع کر دیا

تشدد کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے: نے نظیر

نشانہ بازی اداروں میں کلاشنکوف، ریوالور اور دستی بموں کا استعمال عام ہو گیا ہے

مسجد میں دھماکہ، ۷ افراد ہلاک

سعودی سفارت خانے ۲۱ جولائی تک حج ویزا کے لئے درخواستیں وصول کریں گے

مصطفیٰ کھر لندن واپس آ رہے ہیں

پاکستانی طلبہ کے لیے چین کے وظائف میں اضافہ

حبیب جالب اور مفتی محمود کے لیے گولڈ میڈل

فضل حق کی رائے سے ملاقات

عید مبارک

SKYMARK

Heating and Air-Conditioning Co.

For Reasonable Rates & Reliable Service of:

- Residential and Commercial Air-Conditioning Systems
- Heat Pumps
- Gas Fired Regular & High Efficiency and Electric Furnaces,
- Electronic Air Cleaners
- Power Humidifier

WE ALSO OFFER 24 HOUR EMERGENCY SERVICE

• SERVICE • SALES • INSTALLATIONS

Book now for complete spring service and set up of Air-Conditioning Systems.

Call: ABDUL JABBAR: 499-2254

SCHOOL BUS DRIVERS PART-TIME

آل وے ٹرانسپورٹیشن کارپوریشن کو پارٹ ٹائم سکول بس ڈرائیوروں کی ضرورت ہے۔

عمدہ اوقات، عمدہ آمدنی، بہت سی چھٹیاں اور مکمل ٹریننگ

اگر آپ کا ڈرائیونگ کا ریکارڈ اچھا ہے تو ہم سے ذیل کے پتے پر رابطہ قائم کیجیے۔ ہم ٹورانٹو کی بہترین سکول بس کمپنی ہیں:

Susan Stern
752-5221
73 Crockford Blvd.
Scarborough, Ontario
9 a.m. - 4 p.m. daily
Monday - Friday

ہدایت

Heritag
MISSISSAU
Classes are no
- Qur'anic Educ
- Islamic Educ Children
- Arabic & Urd
- Lectures & S
- Sports activiti

For more informa
GUL NAWAZ
SHAUKAT CHOHA
Schoo
10:15am - 1:30p

مبارک

Consider this
ed with a Cl
2-Storey, 3 Bed
ed carpet, s
fireplace in the
room, eat-in-
carpet, walkout
large fenced lo
trees, shrubs.
Only $
Call:
Memb

Fortnightly
al-hilal
50¢ Vol. 16 No. 5 May 25, 1987
Telephone: (416)493-4374 / 474-9293
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

غیر ممالک میں جائیدادیں خریدنے والے پاکستانیوں کے بارے میں چھان بین

حکومت پاکستان اس مقصد کیلئے اپنے سفارتی افسروں کی خدمات حاصل کرے گی

[illegible]

مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے مسلح کارکنوں کی فائرنگ سے طلبہ شدید زخمی

ڈی ایس پی نے حملہ آوروں کو روکنے کی کوشش کی تو ان پر بھی فائرنگ کی گئی لیکن وہ بال بال بچ گئے

[illegible]

کالا باغ ڈیم کے نئے ڈیزائن میں سب کے مفادات کا خیال رکھا جائیگا

دریائے سندھ کے پانی کی تقسیم اور کالا باغ ڈیم کے معاملات پر اجلاس میری وطن واپسی پر ہوگا۔ قاضی عابد

[illegible]

پاکستان پیپلز پارٹی میں ۲ گروپ بن چکے ہیں

[illegible]

[illegible]

آپ صحتمند ہو کر اپنا مشن جاری رکھیں
غفار خان کے نام جی ایم سید کا ٹیلیگرام

[illegible]

[illegible]

بیرونی ممالک سے آنے والے ہزاروں خطوط سارٹنگ کے شعبے میں پھٹے پڑے پائے گئے

[illegible]

کینیڈا دولت مشترکہ میں واپسی کیلئے پاکستان کی مدد کرے۔ جوگیزئی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پی آئی اے کی اسلام آباد سے نیویارک پرواز کا آغاز

[illegible]

ناخواندہ لوگوں کو بھی پاسپورٹ ملیں گے

[illegible]

گویا بھارت کا ۱۵ واں صوبہ بن گیا

[illegible]

بلغاریہ میں سرکاری امام کا فتویٰ

[illegible]

طاقت کا سرچشمہ عوام نہیں اللہ تعالیٰ کی ذات ہے

[illegible]

[illegible]

بھٹو دور میں پریس کی آزادی کا دعویٰ صحافت سے مذاق ہے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رحمتوں کے ماہ سعید کے
بعد مسرتوں کا یہ دن
سب کو مبارک ہو

الہلال باقاعدگی سے حاصل کرنے کیلئے
براہ مہربانی مندرجہ ذیل کوپن پُر کرکے ہمیں روانہ کریں۔ آپ کے لیے اخبار جاری کر دیا جائے گا۔
پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال
سالانہ زرخریداری (برائے الہلال) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرخریداری (برائے کریسنٹ) ۳۰ ڈالر
سالانہ زرخریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۴۵ ڈالر
Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....
زرخریداری کا چیک کریسنٹ کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجیے
338 Hollyberry Trail Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9293, 493-4374
اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)
بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجیے →

MANAGING EDITOR: M. LATEEF OWAISI